دعوت اسلامی کا ایک اہم شعبہ

شعبہ فلکیات

Astronomy Department

تعارف و خدمات

مزید معلومات کے لیے آفیشل رابطہ نمبر

0317-7799717

ابتدائیہ

علم توقیت وفلکیات کو اسلامی علوم میں ایک نمایاں حیثیت حاصل ہے۔ نماز وروزے کے اوقات کا حصول علم توقیت سے ہوتا ہے جبکہ سورج گرہن وچاند گرہن، سمتِ قبلہ، رؤیت ہلال و دیگر سیاروں ستاروں کے طلوع وغروب وغیرہ کی معلومات علم فلکیات کے ذریعے ہوتی ہیں۔

ان علوم کی اہمیت و افادیت کے پیشِ نظر عاشقانِ رسول کی دِینی تنظیم **دعوتِ اسلامی** کے تحت بروز بدھ 1st (پہلی) شعبانُ المُعظَّم 1431 ہجری مطابق 14 جولائی 2010 عیسوی کو باقاعدہ ایک ”مجلسِ توقیت“ قائم کی گئی۔ (موجودہ نام ”شعبہ فلکیات / Astronomy Department “ ہے۔)

شعبہ فلکیات کے جملہ امور کو بحسن وخوبی انجام دینے کے لیے کچھ ذیلی شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

سوشل میڈیا

شعبہ فلکیات سوشل میڈیا پر بھی نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ یوٹیوب ، فیس بک اور واٹس ایپ پر "شعبہ فلکیات دعوت اسلامی / Astronomy Department" کے نام سے چینل اور پیج ہیں۔ جن میں علم ہیئت و توقیت کے متعلق مستند ڈیٹا شیئر کیا جاتا ہے۔ ان ویڈیوز میں "علم توقیت کورس"، "مسائل اوقات کورس"، "رؤیتِ ہلال کورس" وغیرہ بھی شامل ہیں۔

Facebook Youtube WhatsApp

مسجد کنیکٹ ڈیجیٹل پلیٹ فارم

یہ شعبہ فلکیات کے تحت تیار کردہ مساجد کے لیے ایک مکمل ڈیجیٹل مینجمنٹ (Digital Management) اور جدید ڈسپلے سسٹم (Display System) ہے۔ جو مساجد کو اوقاتِ روزہ و نماز، جماعت ٹائم، اعلانات، اسکرین مینجمنٹ اور کمیونٹی رابطے کے لیے ایک مرکزی نظام فراہم کرتا ہے۔

سمتِ قبلہ (Qibla Direction)

نماز کے لیے سمتِ قبلہ کو منہ ہونا ضروری ہے جبکہ قضائے حاجت (washroom استعمال) کے وقت منہ یا پیٹھ اس سمت نہ ہونا ضروری ہے۔ مسلمانوں کی اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے شعبہ فلکیات کی طرف سے پوری کوشش کی جاتی ہے۔ سمتِ قبلہ کا درست نشان نکالنے کے لیے گوگل ارتھ (Google Earth) اور دیگر جدید ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ بھی درست سمتِ قبلہ کا نشان حاصل کرنے کے لیے شعبے کے آفیشل نمبر (0317-7799717) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ڈیجیٹل گھڑیاں (Digital Clocks)

موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق مساجد میں ڈیجیٹل گھڑیاں (Digital Clocks) عام ہیں۔ مسجد میں لگانے سے پہلے نظام الاوقات درست ہونا ضروری ہیں تاکہ اس کی مدد سے نماز، سحری و افطاری کے اوقات کی درست معلومات میں آسانی ہو۔

آپ بھی اپنی مسجد کی گھڑی کے اوقات درست کروانے کے لیے شعبے کے آفیشل نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

کورسز

کسی بھی علم کی بقا پڑھنے پڑھانے میں ہے۔ چونکہ علم توقیت کا سیکھنا فرض

کفایہ ہے، لہٰذا شعبہ فلکیات کے تحت آن لائن اور بالمشافہ (Physical) "علم توقیت و فلکیات کورسز" تقریباً 200 کروائے جاچکے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ کورسز بھی کروائے جاتے ہیں:

1. رؤیتِ ہلال کورس
2. مسائلِ اوقات کورس
3. سمتِ قبلہ کورس
4. جغرافیہ اور قرآنی جغرافیہ کورس
5. پریئر ایپ (Prayer App) کورس

علمِ توقیت و فلکیات کی کتابیں

علمِ ہَیْئَت و توقیت پر علمائے اہلِ سنت نے اردو زبان میں بھی کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔ بالخصوص اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان، مَلِکُ الْعُلَما مفتی سید ظفرالدین بہاری اور جامع معقول و منقول مفتی سید افضل حسین مونگیری رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِم نے ان علوم پر کتابی شکل میں بہت ساری اہم معلومات لکھی ہیں۔

شعبہ فلکیات ان کتب کی شروحات جدید انداز میں پیش کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اس فن کی تاریخی اہمیت کی حامل کتاب "توضیح التوقیت" کی شرح "کنز التوقیت" چھپنے (Printing) کے آخری مراحل میں ہے۔
نصابِ توقیت (حصہ اول) پاکستان اور انڈیا سے چھپ کر پزیرائی بھی حاصل کرچکی ہے (اس کا حصہ دوم اہداف میں شامل ہے)۔

نیز اس کا انگلش ترجمہ UK سے چھپنے (Printing) کے مراحل میں ہے اور اس کے بعد عربی (Arabic) ترجمہ پر کام شروع ہو گا۔ ان شاء اللہ الکریم فتاویٰ رضویہ میں موجود علمِ توقیت و فلکیات کی شرح پر بھی کام جاری ہے۔

نقشہ نظام الاوقات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! شعبہ فلکیات نے اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنت مولانا شاہ **امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ کے بیان کردہ علمِ توقیت کے اصول و قوانین کے مطابق دنیا بھر کے 3500 شہروں کے اوقاتِ نماز اور سحر و افطار کے نقشے تیار کر لیے ہیں۔

پاکستان بھر کے قریباً 1750 مقامات کے اوقاتِ نماز، سحر و افطار اور سمتِ قبلہ پر مشتمل عظیم الشان کتاب بنام ”**اوقاتِ نماز برائے پاکستان**“ بھی چھپ چکی ہے۔

ہجری کلینڈر

اعراسِ بزرگانِ دین، عیدین، میلاد شریف، معراج شریف وغیرہ تمام مذہبی تہوار ہجری تاریخوں کے حساب سے منائے جاتے ہیں۔ شعبہ فلکیات ہجری و عیسوی سال کے آغاز میں خوبصورت ڈیزائن کے ساتھ ہجری کلینڈر جاری کرتا ہے جن میں ان تہواروں کی متوقع تواریخ کو فلکیاتی حساب کے ذریعے نکال کر پیش کیا جاتا ہے تاکہ عاشقانِ رسول اپنے معمولات کو ترتیب دے سکیں۔ اپنے گھر، آفس وغیرہ میں لگانے کے لیے مکتبۃ المدینہ سے کلینڈر حاصل کر سکتے ہیں جس میں ہجری اور عیسوی دونوں تاریخوں کے حساب سے معلومات دی گئی ہیں۔

رؤیت ہلال

کن کن شہروں میں سائنسی اعتبار سے چاند کا نظر آنا ممکن ہے؟ سورج اور چاند کے غروب کا وقت کہاں کیا ہو گا؟ اس کی مکمل رپورٹ بھی دعوتِ اسلامی کے "شعبہ فلکیات" کی طرف سے پیشگی بنا کر پاکستان کے حکومتی اداروں کو دی جاتی ہے۔

نیز پریئر ایپ میں دنیا کے تقریباً 100 سے زائد ممالک کی یکم تاریخ کو

رؤیت کی مکمل معلومات لیکر ہجری تاریخ آٹو اپڈیٹ کی جاتی ہے۔

پریئر ویب اینڈ سوفٹ ویئر

دنیا بھر کے مسلمانوں تک درست نظامُ الاوقات پہنچانے کے لیے شعبہ فلکیات نے سب سے پہلے 2005ء میں I.T ڈیپارٹمنٹ (دعوتِ اسلامی) کے تعاون سے ایک سوفٹ ویئر تیار کیا۔ اور جیسے 14 رمضانُ المُبارک 1426ھ مطابق 18 اکتوبر 2005ء کو مرحوم رکنِ شوریٰ مفتیِ دعوتِ اسلامی مفتی فاروق عطاری مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی اجازت سے دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net) پر اپلوڈ کروایا گیا۔

اس میں دنیا بھر کے تقریباً 27 لاکھ مقامات کے اوقاتِ روزہ و نماز مینولی (Manually) موجود ہیں۔ نیز آپ خود بھی کسی بھی مقام کی لوکیشن اور بلندی ڈال کر درست اوقات حاصل کرسکتے ہیں۔

پریئر ایپ اپلی کیشن

(Prayer App & Web)

ان خصوصیات کے ساتھ ساتھ دیگر کئی اور خصوصیات کی حامل ایک موبائل اپلی کیشن (Mobile Application) بھی شعبہ فلکیات نے لاؤنچ کی ہے۔

اس موبائل ایپ کے ذریعے لاکھوں کروڑوں بلکہ دنیا کے کسی بھی مقام کے درست اوقاتِ روزہ و نماز اور سمتِ قبلہ بآسانی معلوم کئے جاسکتے ہیں۔

نماز، سحری و افطاری کے درست اوقات کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اس ویب سائٹ کا بھی وزٹ کرسکتے ہیں۔

Prayer App

Website